ہفت روزہ
ندائے خلافت
لاہور
49
www.tanzeem.org
27ربیع الاوّل تا3ربیع الثانی 1438ھ/27دسمبر2016ءتا2جنوری2017ء

ایمان بالرسالت کا اجتماعی تقاضا

ایمان بالرسالت کا اجتماعی تقاضا یہ ہے کہ جس طرح ایک شخص محمد رسول اللہ ﷺ کی رسالت کی تصدیق اور اقرار کرتا ہے اور مسلمان کہلاتا ہے، اسی طرح مسلمانوں کا معاشرہ اور ان کی مملکت دستوری زبان سے خاتم النبیین ﷺ کی رسالت کی تصدیق کا اعلان کرے، آپؐ کو ملک وقوم کے لیے شارع مان لے، آپؐ کی سنت کو اپنے قوانین کا ماخذ بنائے، تنازعات میں حضور ﷺ کی سنت وحدیث کو فیصلہ کن نظیر اور حکم کا درجہ دے۔ جب تک مسلمانوں کا معاشرہ اور مسلمانوں کی مملکت حضور اکرم ﷺ کو اقرار باللسان اور تصدیق بالقلب کے ساتھ اللہ کا رسول نہیں مان لیتی اور اپنے اقرار اور تصدیق کا اعلان نہیں کر دیتی، اس وقت تک وہ صحیح معنوں میں اسلامی ریاست نہیں بن سکتی۔ شخصی طور پر ایمان بالرسالت کا تقاضا یہ بھی ہے کہ اگر دستوری زبان میں ملک اور معاشرے نے نبی کریم ﷺ کو اپنے لیے قائد اور رہنما تسلیم نہیں کیا ہے اور آپؐ کی رسالت کا اقرار و اعلان نہیں کیا ہے، آپؐ کی سنت کو ماخذِ قانون تسلیم نہیں کیا ہے اور اپنے تنازعات میں آپؐ کو حکم نہیں مانا ہے تو اس ملک اور معاشرے کے مسلمان شہری اُٹھ کھڑے ہوں اور اپنی تمام ترقوتوں اور صلاحیتوں کو ایمان بالرسالت کے اجتماعی تقاضوں کو منوانے کے لیے صرف کر دیں اور اس وقت تک چین سے نہ بیٹھیں جب تک کہ ان کی مملکت دستوری زبان میں کلمہ پڑھ کر مومن و مسلم مملکت نہ بن جائے۔ کیونکہ اس کے بغیر ان کا شخصی ایمان ہمیشہ خطرے میں رہے گا اور اس ایمان کے جو بہترین نتائج نکل سکتے ہیں وہ ملک اور معاشرے کے اجتماعی نفاق میں بار آور نہیں ہوں گے۔ اگر وہ ایسا نہیں کرتے، ملک اور معاشرہ کے اجتماعی نفاق پر قانع اور مطمئن بیٹھے رہتے ہیں تو ان کا ایمان بالرسالت ضعیف وکمزور ہوگا۔

محمود فاروقی

اس شمارے میں

عزت کی موت یا ذلت کی زندگی

انسانی عزت وشرف کی شرائط

یہ قزاقی یہ سفاکی......

مطالعۂ کلام اقبال

پانامہ کیس میں سپریم کورٹ کا فیصلہ

اشاریۂ مضامین ہفت روزہ ”ندائے خلافت“ 2016ء

ڈاکٹر اسرار احمدؒ

حضرت موسیٰ علیہ السلام کا امتحان

سورۃ الکہف | بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ | آیات: 71 تا 73

فَانۡطَلَقَا ٚ حَتّٰۤی اِذَا رَکِبَا فِی السَّفِیۡنَۃِ خَرَقَہَا ؕ قَالَ اَخَرَقۡتَہَا لِتُغۡرِقَ اَہۡلَہَا ۚ لَقَدۡ جِئۡتَ شَیۡئًا اِمۡرًا ﴿۷۱﴾ قَالَ اَلَمۡ اَقُلۡ اِنَّکَ لَنۡ تَسۡتَطِیۡعَ مَعِیَ صَبۡرًا ﴿۷۲﴾ قَالَ لَا تُؤَاخِذۡنِیۡ بِمَا نَسِیۡتُ وَ لَا تُرۡہِقۡنِیۡ مِنۡ اَمۡرِیۡ عُسۡرًا ﴿۷۳﴾

آیت ۷۱ ﴿فَانۡطَلَقَا ٚ حَتّٰۤی اِذَا رَکِبَا فِی السَّفِیۡنَۃِ خَرَقَہَا ؕ﴾ ’’پھر وہ دونوں چل پڑے یہاں تک کہ جب وہ دونوں سوار ہوئے ایک کشتی میں‘ تو اُس نے اس (کشتی) میں شگاف ڈال دیا۔‘‘

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ان کی سوال نہ کرنے والی شرط تسلیم کر لی اور یوں وہ دونوں سفر پر روانہ ہو گئے۔ جب وہ دریا پار کرنے کے لیے ایک کشتی میں سوار ہوئے تو انہوں (اُن کو صاحب موسیٰؑ کہیں یا حضرت خضر کہیں) نے بیٹھتے ہی کشتی کا ایک تختہ اکھاڑ دیا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جب یہ دیکھا تو آپؑ کہاں خاموش رہنے والے تھے‘ فوراً ان کو ٹوک دیا۔

﴿قَالَ اَخَرَقۡتَہَا لِتُغۡرِقَ اَہۡلَہَا ۚ لَقَدۡ جِئۡتَ شَیۡئًا اِمۡرًا ﴿۷۱﴾﴾ ’’موسیٰؑ نے کہا: کیا آپ نے اسے پھاڑ ڈالا ہے تاکہ غرق کر دیں اس کے تمام سواروں کو؟ یہ تو آپ نے بہت ہی غلط کام کیا ہے۔‘‘

آیت ۷۲ ﴿قَالَ اَلَمۡ اَقُلۡ اِنَّکَ لَنۡ تَسۡتَطِیۡعَ مَعِیَ صَبۡرًا ﴿۷۲﴾﴾ ’’اس نے کہا: میں نے کہا نہیں تھا کہ آپ میرے ساتھ صبر نہیں کر سکیں گے؟‘‘

کسی واقعہ کے پیچھے اللہ کی مشیت کیا ہے؟ اس کا ادراک ہم نہیں کر سکتے۔ ضروری نہیں کہ کوئی واقعہ یا کوئی چیز بظاہر جیسے دکھائی دے اس کی حقیقت بھی ویسی ہی ہو۔ ممکن ہے ہم کسی چیز کو اپنے لیے برا سمجھ رہے ہوں مگر اس کے اندر ہمارے لیے خیر ہو اور جس چیز کو اچھا سمجھ رہے ہوں‘ وہ حقیقت میں اچھی نہ ہو۔ سورۃ البقرۃ میں ہم یہ آیت پڑھ چکے ہیں: ﴿وَعَسٰۤی اَنۡ تَکۡرَہُوۡا شَیۡئًا وَّہُوَ خَیۡرٌ لَّکُمۡ ۚ وَعَسٰۤی اَنۡ تُحِبُّوۡا شَیۡئًا وَّہُوَ شَرٌّ لَّکُمۡ ؕ وَاللّٰہُ یَعۡلَمُ وَاَنۡتُمۡ لَا تَعۡلَمُوۡنَ ﴿۲۱۶﴾﴾ ’’ہوسکتا ہے تم کسی چیز کو برا سمجھو اور وہ تمہارے لیے بہتر ہو اور ہوسکتا ہے تم کسی چیز کو پسند کرو اور وہ تمہارے لیے بری ہو‘ اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے‘‘۔ چنانچہ ایک بندۂ مؤمن کو تفویض الامر کا رویہ اپنانا چاہیے کہ اے اللہ! میرا معاملہ تیرے سپرد ہے‘ میرے لیے جو تو پسند کرے گا میں اسی پر راضی رہوں گا‘ کیونکہ تیرے ہاتھ میں خیر ہی خیر ہے: ﴿بِیَدِکَ الۡخَیۡرُ ؕ﴾ (آل عمران ۲۶)۔

آیت ۷۳ ﴿قَالَ لَا تُؤَاخِذۡنِیۡ بِمَا نَسِیۡتُ وَ لَا تُرۡہِقۡنِیۡ مِنۡ اَمۡرِیۡ عُسۡرًا ﴿۷۳﴾﴾ ’’موسیٰؑ نے کہا: آپ میرا مؤاخذہ نہ کیجیے میرے بھول جانے پر اور نہ ہی میرے معاملے میں زیادہ سختی کیجیے۔‘‘

میں بھول گیا تھا کہ آپ سے میں نے سوال نہ کرنے کا وعدہ کیا ہے‘ لہٰذا آپ میری اس بھول کی وجہ سے میرا مؤاخذہ نہ کریں اور درگزر سے کام لیں۔

فرمان نبویؐ

نجات کے تین راستے

عَنۡ اَبِیۡ ھُرَیۡرَۃَ اَنَّ رَسُوۡلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ قَالَ: ((ثَلٰثٌ مُنۡجِیَاتٌ وَثَلٰثٌ مُھۡلِکَاتٌ فَاَمَّا الۡمُنۡجِیَاتُ فَتَقۡوَی اللّٰہِ فِی السِّرِّ وَالۡعَلَانِیَۃِ وَالۡقَوۡلُ بِالۡحَقِّ فِی الرِّضَا وَالسَّخَطِ وَالۡقَصۡدُ فِی الۡغِنَا وَالۡفَقۡرِ وَاَمَّا الۡمُھۡلِکَاتُ فَھَوًی مُتَّبَعٌ وَشُحٌّ مُطَاعٌ وَاِعۡجَابُ الۡمَرۡءِ بِنَفۡسِہٖ وَھِیَ اَشَدُّھُنَّ)) (رواہ البیھقی فی شعب الایمان)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: ’’تین چیزیں ہیں جو نجات دلانے والی ہیں‘ اور تین ہی چیزیں ہیں جو ہلاک کر دینے والی ہیں۔ پس نجات دلانے والی تین چیزیں تو یہ ہیں: ایک‘ اللہ کا خوف خلوت میں اور جلوت میں اور دوسرے حق بات کہنا خوشی میں اور غصہ میں‘ اور تیسرے میانہ روی خوشحالی میں اور تنگدستی میں۔ اور ہلاک کرنے والی تین چیزیں یہ ہیں: ایک وہ خواہش نفس جس کی پیروی کی جائے‘ دوسرے وہ بخل جس کی اطاعت کی جائے (یعنی اس کے تقاضے پر چلا جائے) اور تیسرے آدمی کی خود پسندی کی عادت‘ اور یہ ان سب میں زیادہ سخت ہے۔‘‘

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اداریہ

مرزا ایوب بیگ

عزت کی موت یا ذلت کی زندگی

یہ دنیا اُس اللہ سے منہ موڑے ہوئے ہے جس کی کتاب کے ہر ہر لفظ اور حرف کی حقانیت پر گزرنے والا وقت مہرِ تصدیق ثبت کر رہا ہے۔ قرآن پاک کے آخری پارے کی سورۃ التین میں رب کریم فرماتا ہے: ''تحقیق ہم نے انسان کو بہترین ساخت پر پیدا کیا اور پھر وہ ہو جاتا ہے نچلوں میں سب سے نچلا''، یعنی یہ اشرف مخلوق پستی کی انتہاؤں کو چھو لیتی ہے۔ انسانی تاریخ پر نگاہ ڈالیں تو معلوم ہوگا کہ یہ کتنی عظیم حقیقت ہے جس کا قرآن پاک انکشاف کر رہا ہے۔

پیغمبروں اور اولیاء اللہ کی تو بات ہی اور ہے کہ اُنہوں نے یقیناً انسانیت کو شرف بخشا' بہت سے دوسرے لوگ بھی ایسے گزرے ہیں جنہوں نے اپنی زندگیاں دوسروں کے لیے بِتا دیں۔ لیکن انسانوں کی اکثریت پستی کی طرف مائل رہی۔ تاریخ کا سبق یہ ہے کہ وقفہ وقفہ سے ایسے لوگ بلکہ قومیں پیدا ہوتی رہیں جو حقیقت میں نچلوں سے نچلی ثابت ہوئیں اور جو پستی کی اُس انتہا تک پہنچے کہ درندگی بھی شرما گئی۔ انسانی تاریخ میں اگرچہ ظلم وستم کی بہت سی داستانیں رقم ہیں لیکن آج ہماری آنکھوں کے سامنے شام میں جو قتل و غارت جاری ہے' انسانوں کا خون جس بے دردی سے بہایا جا رہا ہے' فضاؤں سے جہاز آگ برسا رہے ہیں' اُس کی نظیر بھی تاریخ میں کم ہی ملے گی۔ شاید اس لیے کہ ہلاکو یا چنگیز خان کے پاس اور صلیبی جنگوں میں صلیبی فوجوں کے پاس ایسا آتشیں اسلحہ نہ تھا۔ علاوہ ازیں شام میں علوی حکمرانوں کے سپاہی وحشی درندے بن کر گھروں میں داخل ہو رہے ہیں اور اندھا دھند عورتوں' بچوں اور بوڑھوں کا تہ تیغ کر رہے ہیں۔ قتل عام کے ساتھ ساتھ سنی مسلمانوں کو گھروں سے بے سروسامان نکال رہے ہیں۔ یہ مظلوم در در کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں اور کوئی پرسانِ حال نہیں خاص طور پر آگ اور خون کا جو کھیل حلب میں کھیلا گیا ہے۔ بوڑھے آسمان نے بھی شاید یہ نظارہ پہلے کبھی نہ دیکھا ہو۔ کیڑے مکوڑے بھی ایسے نہ مارے جاتے ہوں گے۔ جیسے انسان حلب میں مارے گئے ہیں۔ اس ظلم وستم پر روسیوں اور امریکیوں سے کیا گلہ کریں۔ حقیقت میں عالم اسلام کے لیے ڈوب مرنے کا مقام ہے۔ ایک بے حسی اور بے بسی کا عالم ہے جو کُل مسلمانوں پر چھایا ہے۔ مسلمان حکمرانوں پر اور میڈیا پر قبرستان کی سی خاموشی ہے۔ اور اُن کی کیفیت 'ٹک ٹک دیدم دم نہ کشیدم' کی سی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ غیروں کی چاکری کرتے کرتے مسلمانوں کے اجسام اپنے ضمیر اور اپنی روح کے مزار بن چکے ہیں لہٰذا مُردے کب بولا کرتے ہیں کہ دنیا کوئی بلند ہوتی صدا سنے۔ اسلام دشمن عالمی طاغوتی قوتیں بڑی کامیابی سے مسلمانوں میں باہم کشت وخون کروا رہی ہیں اور نوبت بہ ایں جارسید کہ حلب کے قتل عام پر ایک مسلمان ملک میں فتح کا جشن منایا گیا اور کہا گیا کہ مسلمانوں نے کفار کو شکست دے دی ہے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون! کس قدر بھولے معصوم یا احمق اور جاہل ہیں اس سوچ کے حامل مسلمان۔ وہ کیوں نہیں اب تک جان سکے کہ اسلام دشمن قوتیں ملت واحدہ کی صورت اختیار کر چکی ہیں اور وہ اپنے ایجنڈے کے تکمیلی مراحل میں مسلمانوں کو نیست و نابود کرتے ہوئے ہرگز یہ نہ سنیں گی' نہ جاننا چاہیں گی کہ آپ کا تعلق کس فرقہ سے ہے؟ مسلم ممالک، گروہوں اور

ہفت روزہ

لاہور

ندائے خلافت

تا خلافت کی بنا دُنیا میں ہو پھر استوار
لا کہیں سے ڈھونڈ کر اسلاف کا قلب وجگر

تنظیم اسلامی کا ترجمان' نظامِ خلافت کا نقیب

بانی: اقتدار احمد مرحوم

27 ربیع الاوّل تا 3 ربیع الثانی 1438ھ جلد 25
27 دسمبر 2016ء تا 2 جنوری 2017ء شمارہ 49

مدیر مسئول: حافظ عاکف سعید

مدیر: ایوب بیگ مرزا

ادارتی معاون: فرید اللہ مروت

نگرانِ طباعت: شیخ رحیم الدین

پبلشر: محمد سعید اسعد' طابع: رشید احمد چودھری

مطبع: مکتبہ جدید پریس' ریلوے روڈ' لاہور

مرکزی دفتر تنظیم اسلامی:

67-اے علامہ اقبال روڈ' گڑھی شاہو لاہور-54000

فون: 36316638-36366638-

E-Mail:markaz@tanzeem.org

مقامِ اشاعت: 36-کے ماڈل ٹاؤن' لاہور-54700

فون: 03-35869501 فیکس: 35834000

publications@tanzeem.org

قیمت فی شمارہ 12 روپے

سالانہ زرِ تعاون

اندرونِ ملک ......450 روپے

بیرون پاکستان

انڈیا---------------(2000 روپے)

یورپ' ایشیا' افریقہ وغیرہ (2500 روپے)

امریکہ' کینیڈا' آسٹریلیا وغیرہ (3000 روپے)

ڈرافٹ' منی آرڈر یا پے آرڈر "مکتبہ مرکزی انجمن خدام القرآن" کے عنوان سے ارسال کریں۔ چیک قبول نہیں کیے جاتے

''ادارہ'' کا مضمون نگار حضرات کی تمام آراء سے پورے طور پر متفق ہونا ضروری نہیں

فرقوں کا معاملہ یوں ہے کہ جس طرح ڈربے میں بند مرغیوں کو قصاب ایک ایک کر کے نکالتا ہے تو بقایا بچ جانے والی مرغیاں شکر ادا کرتی ہیں کہ وہ بچ گئیں حالانکہ اُن کی باری بھی آنے کو ہوتی ہے۔ اسی طرح جن مسلمان ممالک اور گروہوں کو دشمن قوتیں ہلاک اور تباہ کر رہی ہیں' باقی بچ رہنے والے مسلمان سمجھتے ہیں کہ وہ خوش قسمت ہیں جبکہ حقیقت یہ ہے کہ اپنی باری پر وہ بھی نہ بچ پائیں گے۔

عرب میں وقوع پذیر ہونے والے حالات سے اسلام دشمن دجالی اور طاغوتی قوتوں کا ایجنڈا واضح طور پر سامنے آ رہا ہے۔ لیکن مسلمانوں نے کبوتر کی طرح آنکھیں بند کی ہوئی ہیں۔ یہ شیطانی قوتیں گریٹر اسرائیل کے لیے کوشاں ہیں اور یہودیوں کا کمال یہ ہے کہ اسرائیل خود اس ایجنڈے کی تکمیل کے لیے فرنٹ پر دکھائی ہی نہیں دیتا۔ گزشتہ نصف صدی کا جائزہ لیں تو معلوم ہوگا کہ اسرائیل کی خطے میں 1967ء کی جنگ سے پہلے کیا پوزیشن تھی اور آج کیا ہے۔ حالات و واقعات کا دیانتداری سے جائزہ لینے والا ہر شخص اس نتیجہ پر پہنچے گا کہ یہودی گریٹر اسرائیل کے حوالے سے اپنے ہدف کے قریب پہنچ چکے ہیں۔

1967ء کی جنگ سے پہلے عربوں کا نعرہ تھا: اسرائیل کو نیست و نابود کر دو۔ اس جنگ کے بعد عربوں کا مطالبہ اپنے علاقے واپس لینے تک محدود ہو گیا۔ 1974ء میں مصر اور اسرائیل میں پھر جنگ ہوئی۔ اب کے مصری بڑی جرأت اور بہادری سے لڑے۔ یوں معلوم ہوتا تھا مصری ظفر مند ہوں گے۔ اسرائیل کی وزیراعظم گولڈا میئر کہتی ہیں کہ میں خودکشی کا سوچ رہی تھی کہ امریکہ جنگ میں کود پڑا اور اس نے اپنے اور اسرائیل کے درمیان اسلحہ اور بارود کا پل قائم کر دیا۔ سیٹلائیٹ سے بھی اسرائیل کی مدد کی۔ یوں عربوں کی فتح شکست میں تبدیل ہو گئی۔ سوویت یونین مصر کا اتحادی تھا لیکن وہ اس کی مدد کو نہ پہنچا۔ مصری صدر انور السادات پکار اٹھے کہ ہم اسرائیل سے لڑ سکتے ہیں، امریکہ سے نہیں۔ وہ انتہائی بددل ہوئے' اپنی پالیسی کو یوٹرن دیا' کیمپ ڈیوڈ معاہدہ کیا اور امریکہ کی گود میں جا بیٹھے۔ مصر نے صحرائے سینا تو واپس لے لیا لیکن اپنے نظریات، اپنی سوچ اور اسرائیل دشمنی بیچ ڈالی۔ اس شکست سے انور السادات گھٹنوں کے بل گر پڑے اور اسرائیل کو تسلیم کر لیا۔ انہیں اپنی ذات کے حوالہ سے یہ سودا مہنگا پڑا اور ان کے ہم وطنوں نے' جو دشمن کے سامنے سجدہ ریز ہونے پر ان سے ناخوش تھے' انہیں سر میدان قتل کر دیا۔ لیکن یہ قتل بھی عربوں کے سیاسی' عسکری اور ذہنی وفکری زوال میں رکاوٹ نہ بن سکا۔ انور السادات کے بعد فلسطینیوں کے ہر دلعزیز لیڈر یاسر عرفات نے ذہنی طور پر شکست تسلیم کر لی۔ بعد ازاں ہر عرب ریاست اور ہر عرب لیڈر امریکہ کے آگے بلاواسطہ اور اسرائیل کے سامنے بالواسطہ جھکتا چلا گیا۔ عراق کا صدر صدام حسین کچھ اکڑ دکھاتا تھا اور مصر کے بعد وہی ایک قوت تھی جو اسرائیل کو کھٹکتی تھی۔ اسے امریکہ نے جھوٹا عذر تراش کر کے تباہ و برباد کر دیا۔ کسی زمانے میں لیبیا کے کرنل قذافی بھی امریکہ اور اسرائیل کو آنکھیں دکھاتے تھے۔ اسی دور میں انہوں نے مانگ تانگ کر ابتدائی ایٹمی ٹیکنالوجی حاصل کی۔ ظاہراً وہ ایٹم بم بنانے کی طرف بڑھنا چاہتے تھے لیکن حالات اور امریکہ کے تیور دیکھتے ہوئے انہوں نے ایٹمی صلاحیت حاصل کرنے سے سر بازار توبہ کی اور امریکہ کی تسلی اور خوشنودی کے لیے ایٹمی بوریا بستر جہاز میں لاد کر امریکہ بھیج دیا۔ سامراجی قوتوں نے انہیں پھر بھی معافی نہ دی اور اس جرم کی سزا کے طور پر کہ ایٹمی سوچ کو بھی اپنے ذہن میں پروان کیوں چڑھنے دیا، انہیں ذلیل کر کے موت کے گھاٹ اتار دیا۔ اسرائیل کے حوالہ سے اب عربوں کا حال یہ ہے کہ نوبت یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ وہ اس کی نظروں میں پسندیدہ بننے کے لیے ایک دوسرے سے سبقت لے جانا چاہتے ہیں۔ لیکن وہ یہ بھول جاتے ہیں کہ ملکی سلامتی کا تحفظ کبھی منت سماجت اور خوشامد سے نہیں ہو سکتا۔

شام کی خونریز جنگ عرب کو مزید چھوٹی چھوٹی ریاستوں میں تقسیم کرنے کے لیے رچائی گئی ہے تاکہ اسرائیلی اژدھا انہیں آسانی سے ہڑپ کر سکے۔ روس اگرچہ اسرائیل کے راستے میں حائل ہو رہا ہے۔ وہ علاقے میں ایران کو پولیس مین بنانا چاہتا ہے لیکن زمینی حقائق یہ ہیں کہ علاقے کا چودھری اور طاقت کا مرکز بننے کے لیے اسرائیل ایران سے طاقتور ہے اور فی الحال اُس کے پشت پناہ ایران کے پشت پناہوں سے طاقتور ہیں۔ لہٰذا اسرائیل کا پلڑا بھاری ہے اور اُس کے راستے کی تمام رکاوٹیں تقریباً دور ہو چکی ہیں۔ مسلمانوں کے لیے لمحہ فکر یہ ہے اگر قرآن پاک کا لفظ لفظ حق اور سچ ہے تو اُس کا دیا ہوا نظام بھی عالمی مسائل کا واحد حل ہے' مسلمانوں کے لیے بچنے کی صرف ایک راہ بچتی ہے۔ وہ اگر اب بھی اختیار کر لی جائے، اس لیے کہ پانی ابھی سر سے نہیں گزرا تو تمام اسلام دشمن قوتوں کو شکست دی جا سکتی ہے۔ وہ یوں کہ رسی کے اُس ایک سرے کو تھام لیں جس کا دوسرا سرا رب کریم تھامے ہوئے ہے یعنی قرآن پاک کو عملی طور پر اپنا امام بنا لیں اور سنت رسولؐ کو دانتوں سے پکڑ لیں تو بازی اب بھی پلٹ سکتی ہے۔ تو پھر شام کیا دنیا کے کسی بھی کونے میں اگر کوئی ہاتھ مسلمان کی جان، مال اور عزت کی طرف بڑھے گا تو مسلمان اُس ہاتھ کو توڑ دیں گے، اُسے کاٹ ڈالیں گے۔ عالم کفر بھی اس بات کو سمجھے کہ قرآن پاک کا حق اور سچ ہونا ثابت ہو چکا ہے اگر اس مقدس کتاب کے نظام کو دنیا میں نافذ کر دیا جائے تو حقیقی عالمی امن قائم ہو جائے گا اور دنیا جنت نظیر بن جائے گی اور وہ بھی تباہی و بربادی سے بچ سکیں گے۔ بہر حال حالات فیصلہ کن مراحل میں داخل ہو چکے ہیں۔ مسلمانوں کے لیے تخت یا تختہ ہے۔ اُنہیں جلد فیصلہ کرنا ہوگا عزت کی موت یا ذلت کی زندگی، دل یا شکم۔

☆☆☆

انسانی عزت و شرف کی شرائط

سُورۃُ التِّین کی روشنی میں

مسجد جامع القرآن، قرآن اکیڈمی، لاہور میں امیر تنظیم اسلامی حافظ عاکف سعید ﷾ کے 16 دسمبر 2016ء کے خطابِ جمعہ کی تلخیص

قارئین محترم! آج ہم ان شاء اللہ سُورۃُ التِّین کا مطالعہ کریں گے۔ انسانی زندگی اور انسان کے مقام و مرتبے کے بیان کے حوالے سے یہ قرآن کا اہم ترین مقام ہے۔ اس کائنات میں انسان کا اصل مقام کیا ہے؟ اور اگر اس مقام سے گر کر حیوانیت کے درجے تک پہنچتا ہے تو کیوں پہنچتا ہے اور پھر پست ترین درجے سے روحانی طور پر عروج حاصل کرتا ہے تو کیسے حاصل کرسکتا ہے۔ ان تمام سوالات کے جوابات اس سورہ مبارکہ میں بیان کر دیئے گئے ہیں۔ اکثر مکی سورتوں کی طرح اس سورت کا آغاز بھی چند قسموں سے ہوتا ہے اور یہاں یہ قسمیں انسان کے متعلق ایک عظیم گواہی کے طور پر کھائی گئی ہیں۔

﴿وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ①﴾ ''گواہ ہے انجیر اور گواہ ہے زیتون۔''

عربی زبان میں 'تین' انجیر کو کہا جاتا ہے اور 'زیتون' بھی پھلوں میں سے ایک پھل کا نام ہے جو عربوں میں زیادہ مقبول ہے۔ البتہ اس آیت میں التین اور الزیتون سے مراد دو مقدس مقامات بھی لیے گئے ہیں۔ ان میں سے پہلا مقام وہ پہاڑ تھا جہاں حضرت نوح علیہ السلام نے اپنی قوم کے درمیان ساڑھے نو سو سال تک دعوت و تبلیغ کے فرائض سرانجام دیے۔ اس پہاڑ کو جبل التِّین کہا جاتا تھا۔ دوسرا مقام الزیتون نام کی وہ پہاڑی تھی جس پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام اپنی قوم کو تعلیم دیا کرتے تھے۔ ممکن ہے زیتون کے درختوں کی کثرت کی وجہ سے اس پہاڑی کا نام الزیتون پڑ گیا ہو۔ التین والزیتون سے مراد مقدس مقامات ہونے کی دلیل میں وزن اس لیے بھی ہے کہ اگلی دو آیات میں بھی دو مقامات کی قسم کھائی گئیں ہیں جن کا تعلق بھی دو مقدس ہستیوں سے ہے۔

﴿وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ②﴾ ''اور گواہ ہے طورِ سینا۔''

طور سینین سے مراد وہی مشہور اور مقدس پہاڑ ہے جس پر حضرت موسیٰؑ کو اللہ تعالیٰ کی جانب سے الواح عطا ہوئی تھیں۔

﴿وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ ③﴾ ''اور گواہ ہے یہ امن والا شہر۔''

امن والا شہر تو مکہ ہی ہے، اس میں کوئی شک نہیں۔ جہاں سے محمد رسول اللہ ﷺ نے اس امت کی

مرتب: ابوابراھیم

ہدایت کے لیے دعوت و تبلیغ کا آغاز کیا، یہیں آپؐ منصب رسالت پر فائز ہوئے اور یہیں نزول قرآن کا آغاز ہوا۔ ان آیات میں ان چار مقامات کی قسمیں کھائی گئیں جن کا تعلق روئے زمین کی چار عظیم ترین شخصیات سے ہے۔ گویا کردار و سیرت، مقام و مرتبہ کے لحاظ سے سب سے بلند مقام پر فائز ان چار ہستیوں کو گواہ بنا کر جو حقیقت بیان کی جا رہی ہے وہ یہ ہے کہ:

﴿لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ④﴾ ''ہم نے انسان کو بہترین ساخت پر پیدا کیا۔''

عام طور پر معاشرے میں انسان کے مختلف کردار دیکھ کر ایک طرح سے انسان کے حوالے سے سخت مایوسی ہوتی ہے کہ اگرچہ اس میں نیکی کا جذبہ بھی ہے لیکن زیادہ تر رجحان برائی کی طرف ہی ہے۔ ہر طرف غیبت ہے، دنگا فساد ہے، جس کی لاٹھی اس کی بھینس کے مصداق جس کے پاس طاقت ہے، اقتدار ہے وہ دوسروں کے حقوق پر ڈاکہ ڈال رہا ہے۔ ہر طرف ظلم ہے، ناانصافی ہے۔ موجودہ مشینی دور نے تو انسان کو مادی دوڑ میں لگا کر کولہو کا بیل بنا دیا ہے اور ڈارونی نظریات نے انسان کا رشتہ ہی نسلی طور پر حیوانوں سے جوڑ دیا ہے۔ آج ہمیں نظر آ رہا ہے کہ انسان حیوانیت کی سطح سے بھی نیچے گر گیا ہے۔ چنانچہ ہمیں نفس انسانی سے سخت مایوسی ہوتی ہے۔ مگر یہاں قرآن کہہ رہا ہے کہ انسان اشرف المخلوقات ہے۔ یعنی مخلوقات میں سے سب سے زیادہ عزت اور شرف والا۔ چنانچہ اس مایوسی کے اندھیرے میں ایک اعتماد بنایا جا رہا ہے کہ ذرا دیکھو یہ بھی تو انسان ہی تھے۔ حضرت نوح، حضرت عیسیٰ، حضرت موسیٰ علیہم السلام اور پھر یہ محمد رسول اللہ ﷺ جو تمہارے درمیان موجود ہیں۔ ان کی ذات اس بات کی گواہ ہے کہ واقعی اللہ نے انسان کو بہترین ساخت پر پیدا کیا ہے۔ چنانچہ قرآن مجید میں دیگر مقامات پر بھی بہت واضح طور پر ذکر ہے کہ انسان اشرف المخلوقات ہے۔ ہمارے نزدیک پاکی، نیکی، شرافت اور بندگی یہ سب صفات ملا کر ایک فرشتہ بنتا ہے۔ لیکن ازروئے قرآن انسان کا اصل مقام فرشتوں سے بھی بلند تر ہے۔ تبھی تو فرشتوں کو حکم دیا گیا کہ وہ حضرت آدمؑ کو سجدہ کریں۔ اور اس وقت جنات کا ایک نمائندہ بھی موجود تھا جو ان کا سرغنہ اور سردار تھا، یہ حکم اسے بھی دیا گیا مگر اس نے اس گمان میں انکار کیا کہ انسان تو ایک ادنیٰ مخلوق ہے۔ پھر اس کے ساتھ کیا ہوا اس کا ذکر قرآن پاک میں بار بار آیا ہے۔ یہاں اس کی تفصیل طوالت کا باعث ہوگی۔ بہرحال اس سورۃ میں انسان کے اصل مقام و مرتبے پر فائز چار اعلیٰ ہستیوں کا ذکر بطور نمونہ پیش کر کے انسان کو یہ باور کرایا جا رہا ہے کہ انسان حقیقت میں تمام مخلوقات سے افضل ہے اور اس کے لیے یہ چار

گواہیاں تمہارے سامنے ہیں۔ سورۃ بنی اسرائیل میں فرمایا: ﴿وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ وَحَمَلْنٰهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰي كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيْلًا ۝۷۰﴾ ’’اور ہم نے بڑی عزت بخشی ہے اولادِ آدمؑ کو اور ہم اٹھائے پھرتے ہیں انہیں خشکی اور سمندر میں اور ہم نے انہیں پاکیزہ چیزوں سے رزق عطا کیا اور انہیں فضیلت دی اپنی بہت سی مخلوق پر،بہت بڑی فضیلت‘‘۔

اسی کا ظہور یہ بھی ہے کہ رحمۃ للعالمینی کا خطاب کسی فرشتے کو نہیں ملا بلکہ محمد رسول اللہ ﷺ کو ملا۔ یعنی آپؐ کو تمام عالموں کے لیے رحمت بنا دیا۔ ان عاتلموں میں عالم ملائکہ بھی شامل ہے، عالم جنات بھی شامل ہے، عالم حیوانات بھی شامل ہے اور عالم نباتات بھی شامل ہے جبکہ آپؐ عالم انسانیت کے ایک فرد ہیں۔ تو ثابت ہوا کہ انسان کا مقام تمام مخلوقات سے اونچا ہے۔ لیکن ہوا کیا: ﴿ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِيْنَ ۝۵﴾ ’’پھر ہم نے لوٹا دیا اس کو پست ترین حالت کی طرف۔‘‘

ایک طرف انسان میں فرشتوں کی صفات بھی ہیں، نیکی، بھلائی اور خیر کے جذبات بھی اور روحانیت کے اعلیٰ ترین مقام پر پہنچنے کی صلاحیت بھی اور ان صفات کی بدولت انسان تمام مخلوقات میں اعلیٰ ترین مقام و مرتبے پر فائز ہے لیکن دوسری طرف اسی انسان میں حیوانی صفات بھی شامل ہیں۔ جیسا کہ شیخ سعدیؒ نے فرمایا ؎

آدمی زادہ طرفہ معجون است
از فرشتہ ، سرشتہ و ز حیوان

یعنی یہ آدمی بھی عجیب مرکب ہے کہ ایک طرف فرشتوں جیسی پاکیزگی، نیکی اور بلندی لیکن دوسری طرف حیوانی خصلتوں والا نفس بھی اس کے ساتھ موجود ہے جو اس کی پستی کا موجب ہے۔ ڈاکٹر اسرار احمد صاحبؒ نے اس کی تفسیر میں لکھا ہے کہ ’’پھر اللہ تعالیٰ نے اپنی اس عظیم المرتبت مخلوق کی روح کو اس کے جسد خاکی میں بٹھا کر نیچے دنیا میں بھیج دیا‘‘۔

چنانچہ ان متضاد خصوصیات اور صفات کے ساتھ دنیا میں بھیجنے کا مقصد دراصل انسان کی آزمائش ہے کہ آیا وہ اپنے روح کی پرورش کر کے شرف کی بلندیوں پر پہنچتا ہے اور اللہ کی طرف سے انعام و اکرام کا حقدار ٹھہرتا ہے یا پھر حیوانی صفات اور اپنے نفس کی خواہشات پر عمل پیرا ہو کر حیوانیت کے پست ترین درجے اختیار کرتا ہے۔ شیخ الہند نے اس آیت کا ترجمہ یوں کیا ہے کہ ’’پھر پھینک دیا ہم نے نیچوں میں سب سے نیچے‘‘۔ اور واقعی جب انسان گرتا ہے اور حیوانیت کی طرف مائل ہوتا ہے تو وہ بدترین حیوانوں سے بھی بدتر حالت میں پہنچ جاتا ہے۔ چنانچہ اس امتحان کے لیے انسان میں ایک حیوانی وجود بھی رکھ دیا گیا ہے اور ایک اس کا روحانی مقام بھی ہے۔ روح کیا ہے؟ اس کو ہم نہیں سمجھ سکتے۔ سورہ بنی اسرائیل میں فرمایا:

﴿وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ ۭ﴾ ’’اور (اے نبی ﷺ!) یہ لوگ آپ سے پوچھتے ہیں روح کے بارے میں۔‘‘ ﴿قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا ۝۸۵﴾ ’’آپؐ فرما دیجیے کہ روح میرے رب کے امر میں سے ہے اور تمہیں نہیں دیا گیا علم مگر تھوڑا سا۔‘‘

ہم اس کو دیکھ نہیں سکتے مگر اس کے مظاہر ہمیں نظر آتے ہیں۔ یہ انسان کی بلندی اور عظمت کے چار نشان یعنی چار عظیم ہستیوں کا ذکر شروع میں بیان ہوا، یہ دراصل روحانیت کے بلند مرتبے پر ہی فائز ہیں۔ یہ چار گواہیاں تھیں۔ البتہ انسان کی عظمتوں کے نشان تو اور بھی ہیں۔ ایک لاکھ سے زائد نبی دنیا میں آئے ہیں جن میں سے تین سو کے قریب رسول ہیں۔ ان کے علاوہ بھی ہر دور میں نیک لوگ موجود رہے ہیں۔ بدترین ماحول میں بھی نیک لوگ موجود ہوتے ہیں۔ اگرچہ ان کی تعداد کم ہوتی ہے۔ لیکن ایک دور وہ بھی آیا کہ پھر نیک لوگوں کی اکثریت ہوئی، اللہ کا دین قائم ہوا اور پھر دنیا میں کچھ ہی عرصے میں

پریس ریلیز 23دسمبر2016ء

شام میں مسلمانوں پر ظلم و ستم جاری ہے اور عالم اسلام بے بس اور لاچار ہے

عالمی قوتیں چاہتی ہیں کہ مسلمانوں میں باہم قتل وغارت گری جاری رہے اور عالم اسلام انتشار کا شکار رہے

حافظ عاکف سعید

شام میں مسلمانوں پر ظلم و ستم جاری ہے اور عالم اسلام بے بس اور لاچار ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر حافظ عاکف سعید نے قرآن اکیڈمی لاہور میں خطاب جمعہ کے دوران کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ اقوامِ عالم اس قتل عام پر چشم پوشی سے کام لے رہی ہے۔ فائر بندی اور قیام امن کی باتیں محض کاغذی کارروائی ہیں۔ حقیقت میں عالمی قوتیں چاہتی ہیں کہ مسلمانوں میں باہم قتل وغارت گری جاری رہے اور عالم اسلام انتشار کا شکار رہے۔ علاوہ ازیں شام میں سنی اکثریت اقلیت میں تبدیل ہو جائے تب امن کے قیام کے حوالے سے کوئی عملی قدم اٹھایا جائے۔ امریکی کمیشن برائے بین الاقوامی مذہبی آزادی کی سفارشات کا ذکر کرتے ہوئے اُنہوں نے کہا کہ توہین رسالت قانون کے حوالے سے امریکیوں کے پیٹ میں پھر مروڑ اٹھا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ اگر حکومت نے امریکی ڈکٹیشن قبول کی تو مذہبی جماعتیں ماضی کی طرح پھر تحریک چلائیں گی اور ان مذموم کوششوں کو ناکام بنا دیا جائے گا۔ اُنہوں نے کہا کہ قادیانیوں کی حمایت صرف اسلام دشمنی میں کی جا رہی ہے، حالانکہ پاکستان کی پارلیمنٹ اس بارے میں واضح فیصلہ کر چکی ہے۔ اُنہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ امریکی دباؤ کو یکسر مسترد کر دے۔

(جاری کردہ: مرکزی شعبہ نشر و اشاعت، تنظیم اسلامی)

کئی براعظموں پر اسلام کا پرچم بھی لہرا رہا تھا اور ہر طرف عدل وانصاف، نیکی اور خیر ہی خیر نظر آ رہا تھا۔

چنانچہ دنیا میں متضاد صفات کے ساتھ انسان پست ترین حالت میں ہے۔ لیکن اس نے اپنا مقام خود بنانا ہے اور کیسے بنے گا؟ اس کی نشاندہی اگلی آیت میں کی گئی: ﴿اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ﴾ ''سوائے اُن لوگوں کے جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک اعمال کیے''

اللہ تعالیٰ نے انسان کو اشرف المخلوقات بنایا مگر ساتھ حیوانی وجود دے کر امتحان کے لیے دنیا میں بھیج دیا۔ اب ایسا ہرگز نہیں ہے کہ اسے بالکل اندھیروں میں ہی بھیج دیا بلکہ ساتھ ہدایت کی روشنی بھی عطا کی۔ اس کی فطرت میں اللہ کی معرفت موجود ہے کیونکہ وہ عہدِ الست میں اللہ کی ربوبیت کی گواہی دے چکا ہے۔ پھر انسان میں اللہ نے خیر اور شر، نیکی اور بدی کی پہچان بھی ودیعت کر دی: ﴿فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا ۝﴾ (الشمس) ''پس اس کے اندر نیکی اور بدی کا علم الہام کر دیا۔''

اب اگر مزید راہنمائی میسر نہ بھی ہو تو اس کی فطرت اپنے رب کو پہچانتی ہے اور اس کا نفس لوامہ اچھائی اور برائی کی تمیز رکھتا ہے۔ اگر کوئی برا کام کرے گا تو اس کا نفس لوامہ ضرور اس کو ملامت کرے گا۔ مگر اللہ نے انسان کی مزید راہنمائی کا سامان بھی کیا۔ پہلا انسان خود نبی تھا اور اس کے بعد وقفے وقفے سے نبی اور رسول آتے رہے۔ یہاں تک کہ وہ رسول کامل آئے جن کو ہدایت پر مشتمل مکمل کتاب دے دی گئی۔ اب دنیا کے اس امتحان میں کامیابی کے لیے جس نصاب کی ضرورت تھی وہ قرآن کی شکل میں ہمارے پاس موجود ہے اور ایک اعلیٰ ترین معلم، رہبر و راہنما بھی عطا فرما دیا۔ جس کی زندگی ہدایت کا مکمل نمونہ ہے۔ آپ ﷺ پر ہدایت ہر اعتبار سے مکمل ہوگئی اور اس ہدایت کو قرآن وحدیث کی صورت میں محفوظ بھی کر لیا گیا۔ اب یہ نہیں کہ نوعِ انسانی کو امتحان میں ڈالا گیا ہے اور اس کو پتا ہی نہیں کہ ہم امتحان میں ہیں بلکہ ہر لحاظ سے انسان کی آگاہی اور ہدایت کا پورا اہتمام کر دیا گیا۔

اب اس ہدایت کا حاصل یہ ہے کہ انسان اس ہدایت (قرآن وحدیث) سے راہنمائی حاصل کرتے ہوئے اپنے رب کے بتائے ہوئے طریقے پر اپنی زندگی گزارے۔ اس کی فطرت میں اپنے رب کی معرفت پہلے سے ہی موجود ہے۔ ڈاکٹر اسرار احمد صاحبؒ بڑی پیاری مثال دیا کرتے تھے کہ جیسے ایک انگارہ ہوتا ہے، اس کے اوپر راکھ آ جاتی ہے۔ دیکھنے والے کو راکھ نظر آئے گی لیکن اس کے اندر انگارہ موجود ہے اور سلگ رہا ہے۔ اس راکھ کو انسان ہٹانے کا اہتمام کر لے تو انگارہ حقیقی شکل میں سامنے آ جائے گا۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ کی معرفت بھی انسان میں پہلے سے موجود ہے لیکن دنیا میں ہمارے ماحول اور دنیا کی دوڑ کی وجہ سے اس پر پردہ سا آ جاتا ہے۔ اسی لیے کہا جاتا ہے کہ آسمان اور زمین میں اللہ کی نشانیوں پر غور کرو: ﴿اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝﴾ (الجاثیہ) ''یقیناً اس میں نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے جو غور وفکر سے کام لیں۔''

ذرا سا غور ان چیزوں پر انسان کرے تو اللہ کی معرفت کی چنگاری پر سے راکھ ہٹ جائے گی اور یہ چنگاری سلگ کر اللہ کی یاد تازہ کر دے گی۔ اسی طرح انسان قرآن مجید کی تلاوت کرے، اس کی آیات پر غور کرے اور سمجھ کر پڑھے کر تو اندر کی تاریکیاں دور ہونا شروع ہو جائیں گی، راکھ ہٹ جائے گی اور دل گواہی دے گا کہ واقعی یہ اللہ کا کلام ہے اور اللہ وہ ہے جو شہنشاہِ ارض وسمٰوٰت ہے۔ تو انسان کی راہنمائی کا سارا سامان موجود ہے۔ جو اس ہدایت کی روشنی میں اللہ پر، رسولوں پر، قرآن مجید پر اور آخرت ایمان لائیں اور نیک عمل کریں گے تو ایسے لوگ ہی دنیا کے اس امتحان میں کامیاب ہو پائیں گے اور جو کامیاب ٹھہرے:

﴿فَلَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝﴾ ''تو ان کے لیے ایسا اجر ہوگا جس کا سلسلہ کبھی منقطع نہیں ہوگا۔''

پھر وہ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے اجر عظیم سے نوازے جائیں گے۔ اس اجر عظیم کی کیفیت قرآن مجید میں ایک مقام پر آئی ہے کہ تم اس وقت دنیا میں رہتے ہوئے سوچ بھی نہیں سکتے کہ کیا کیا نعمتیں اللہ تمہیں عطا کرے گا: ﴿فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ﴾ (السجدة:17) ''تو کوئی انسان نہیں جانتا کہ ان کی آنکھوں کی ٹھنڈک کے لیے کیا کچھ چھپا کر رکھا گیا ہے۔''

قرآن میں زیادہ تر انہی نعمتوں کا تذکرہ تفصیل سے آیا ہے جنہیں ہم دنیا میں رہتے ہوئے پہچانتے ہیں لیکن وہ نعمتیں جو کامیاب لوگوں کو انعام کے طور پر ملنے والی ہیں انہیں ہم نہیں سمجھ سکتے۔ اس لیے کہ نہ ہم نے ان نعمتوں کو دیکھا ہے اور نہ ہی ان کا تصور رکھتے ہیں۔ لیکن وہی اصل نعمتیں ہوں گی اور ان انعامات کا سلسلہ کبھی منقطع نہیں ہوگا۔ یہ اللہ کا وعدہ ہے۔

﴿فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّيْنِ ۝﴾ ''تو اس کے بعد کیا چیز تجھے آمادہ کرتی ہے جزا وسزا کے انکار پر؟''

یعنی ہر پڑھنے والے سے گویا اللہ تعالیٰ سوال کر رہے ہیں کہ ان سب حقائق کے باوجود اب جزا وسزا کے انکار پر تمہارے پاس کیا دلیل ہے کہ دنیا کے اس امتحان میں ناکام ہونے والے یعنی پستیوں میں گرنے والے گنہگار انسان کو سزا نہیں ملے گی؟ اور کیا اپنے عمل اور ایمان کی بدولت نیک لوگوں کو اس کی جزا نہیں ملے گی؟ کیا اتنی عظیم المرتبت شخصیات جن کا شروع میں ذکر ہوا وہ اور بدترین گنہگار لوگ برابر ہو سکتے ہیں؟

﴿اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ۝﴾ ''کیا اللہ تمام حاکموں سے بڑا حاکم نہیں ہے؟''

دنیا میں بھی جو حاکم ہوتے ہیں وہ اپنے وفاداروں کو عزت، دولت، مقام ومرتبہ دیتے ہیں اور جو ان کے نافرمان اور غدار ہوتے ہیں ان کو بدترین سزائیں دیتے ہیں۔ اب ذرا انسان غور کرے جو اس پوری کائنات کا مالک ہے، جو تمام جہانوں کا بادشاہ ہے اور حقیقی حاکم ہے۔ کیا وہ اپنے وفاداروں کو اور اپنے غداروں، مشرکوں کو اور اس کا انکار کرنے والوں کو برابر مرتبہ دے سکتا ہے؟ کیا اللہ تعالیٰ سب سے بڑا حاکم نہیں ہے؟ ایسا حاکم جو تمام صفات کا مالک ہے اور عدل وانصاف بھی اس کے اوصاف ہیں۔

اس سوال پر سورۃ التین اختتام پذیر ہوئی۔ مسند احمد اور سنن ابی داؤد میں حضرت ابوہریرہؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی سورۃ التین پڑھے اور اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ پر پہنچے تو کہے: بلٰی وانا علٰی ذٰلک من الشاھدین ''کیوں نہیں! اور میں اس پر شہادت دینے والوں میں سے ہوں''۔ بعض روایات میں آتا ہے کہ حضور ﷺ جب یہ آیت پڑھتے تو فرماتے: سُبْحَانَكَ فَبَلٰى!

اللہ تعالیٰ ہمیں ان لوگوں میں شامل فرمائے۔ جو ایمان اور عمل صالح کے تقاضے کو پورا کرنے والے ہوں۔ آمین

دعائے صحت

☆ قرآن اکیڈمی یٰسین آباد کے ناظم مکتبہ اور رفیق تنظیم نصیب خان کی اہلیہ شدید علیل ہیں اور ہسپتال میں داخل ہیں

☆ قرآن اکیڈمی لاہور کے ناظم مکتبہ احسن الزمان صدیقی کی اہلیہ شدید بیمار ہیں اور ہسپتال میں داخل ہیں

اللہ تعالیٰ بیماروں کو شفائے کاملہ عاجلہ مستمرہ عطا فرمائے۔ قارئین اور رفقاء واحباب سے بھی دعائے صحت کی اپیل کی جاتی ہے۔

یہ قزاقی یہ سفاکی......

عامرہ احسان
amira.pk@gmail.com

10 دسمبر ابھی عالمی انسانی حقوق کا دن ہو گزرا ہے۔ بان کی مون سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کے لیے ہانک پکار ملاحظہ ہو۔ انسانی حقوق کی علم برداری سب ہی انسانوں کے مفاد میں ہے۔ انسانی حقوق کا احترام ہر فرد کی عافیت کا مقصد آگے بڑھاتا ہے۔ ہر معاشرے کے استحکام اور ہماری باہم مربوط دنیا کی بقائے باہمی کا ضامن ہے۔ اعلامیہ جاری فرمایا کہ یہ دن پکار رہا ہے کہ انسانی حقوق کے لیے کھڑے ہو جایئے۔ لگے ہاتھوں انتہا پسند تنظیموں کا پہاڑا ابھی پڑھا گیا ہے کہ وہ خوفناک تشدد کی مرتکب ہوتی ہیں۔ برسرِ زمین حقائق کے لیے ذرا حلب (شام) کے مناظر تو دیکھیے۔ وہاں کے حوالے سے خود اقوام متحدہ کے حقوق انسانی کا ترجمان کہہ رہا ہے (روپرٹ کول ولی) کہ اسدی فوجوں نے شہر میں گھروں میں گھس کر قتل کیے ہیں۔ جان بچا کر نکلنے والے شہریوں کو بے دریغ موت کے گھاٹ اتارا گیا ہے۔ انسانیت مر چکی ہے۔ انسانیت کی موت کا سرٹیفکیٹ خود ادارے کا ترجمان جاری کرر ہا ہے۔ ادارے کا کام اب صرف اعداد و شمار جاری کرنا، اظہار افسوس فرمانا رہ گیا ہے۔

یونیسیف، جو بچوں کی بہبود کا عالمی پروگرام ہے، صحت اور خوراک بابت...... اس نے اطلاع دی ہے کہ خاندانوں سے بچھڑ جانے والے 100 بچے مشرقی حلب کے علاقے میں ایک بلڈنگ میں پھنسے پڑے ہیں۔ یہاں شدید حملے جاری ہیں۔ اس علاقے میں بہبود اطفال کے اس عالمی ادارے کے ڈائریکٹر نے صرف مطلع کرنے کا احسان فرما دیا ہے۔ یاد رہے کہ مشرقی حلب میں چند مربع میل علاقے میں 80 ہزار شہری پھنسے ہوئے ہیں۔ انہیں محفوظ راستہ دینے کا معاہدہ ہوا تھا۔ تاہم چند ہی گھنٹوں میں جنگ بندی کی خلاف ورزی کرتے ہوئے شہر پر شدید بمباری شروع کر دی گئی۔

سوشل میڈیا پر متحرک عبدالکافی حمد نے مشرقی حلب سے پکارا ہے: یو این پر اعتبار نہ کریں۔ عالمی برادری پر بھروسا نہ کریں۔ حالیہ تاریخ کا بدترین قتل عام جاری ہے جس کا ہمیں سامنا ہے۔ یہ سب مطمئن ہیں کہ ہم مارے جا رہے ہیں۔ سوشل میڈیا پر سبھی کچھ عیاں ہے۔ چلا چلا کر دہائی دیتا شامی...... ہماری عورتیں، بچے مارے جا رہے ہیں...... ہم اب اس کا مزید سامنا نہیں کر سکتے۔ وہ خونچکاں مناظر جس میں ننھے پھولوں کے چہرے جن پر آنسوؤں کی جگہ خون کے دھارے بہہ رہے ہیں۔ ملبے تلے دبے بچوں کی لاشیں، ایک دوسرے سے لپٹ کر مر جانے والے بچے۔ کلمۂ شہادت کے لیے اٹھی انگشت شہادت۔ عالم اسلام کی بے حسی پر گواہی دیتی یہ ننھی بچی کی لاش۔ اسدی فوج اور درندہ صفت ملیشیاؤں کے ہاتھوں بے حرمت ہوتی شامی بیٹیاں۔ تباہ حال مساجد۔ پانی بجلی ضروریات زندگی عنقا۔ ہسپتال کھنڈر۔ ملبے تلے کراہتے انسان جنہیں طبی امداد دینے، نکالنے بچانے کا سامان نہیں۔ سڑکوں پر بکھری لاشیں۔ 4 لاکھ شامی قتل عام کا شکار ہوئے۔ ملک کی آدھی آبادی دربدر خاک بسر پوری دنیا میں پناہ جو ماری ماری پھر رہی ہے۔

شام پر کیا کسی خلائی مخلوق کا تسلط ہے جس پر اقوام عالم اور اقوام متحدہ سراپا بے بسی ہیں......؟ بلکہ پوری مغربی دنیا نے مل کر یہ مناظر تخلیق کیے ہیں۔ حلب پر قبضے کو بڑی فتح تو روسی، ایرانی لیڈر قرار دے رہے ہیں! برسرِ زمین جن کے خون سے ہولی کھیلی جا رہی ہے وہ شام کی 74 فیصد سنی اکثریت ہے۔ حکمران، غاصب ڈکٹیٹر بشار الاسد ہے جو شام میں صرف 8 فیصد علوی شیعہ آبادی کا نمائندہ ہے! 5 فیصد دیگر شیعہ اقلیتیں ہیں۔ 12 فیصد عیسائی ہیں۔ یہ ہے گلوبل چودھریوں کی دنیا۔ انسانی حقوق کے راگ الاپنے والے مسلمانوں کو انسانیت کے زمرے سے (عملاً) باہر قرار دے چکے ہیں۔ اقلیتوں کی حکمرانی اور اکثریت کے قتل عام کی جنگوں کا دور ہے۔ گیارہویں صدی کی صلیبی جنگوں کے مناظر 21 ویں صدی کی نام نہاد مہذب دنیا میں (حقوق انسانی کی قرردادوں کے ہمراہ) جاری و ساری ہیں۔ سقوط قدس کے مناظر کی خوشخبری پوپ کو دیتے ہوئے عیسائی کمانڈروں نے جولائی 1099ء میں لکھا تھا...... اگر آپ دشمنوں (مسلمانوں) کے ساتھ ہمارا سلوک معلوم کرنا چاہتے ہیں تو مختصراً اتنا لکھ دینا کافی ہے کہ جب ہمارے سپاہی سلیمان (علیہ السلام) کی عبادت گاہ (مسجد عمرؓ) میں داخل ہوئے تو ان کے گھٹنوں تک مسلمانوں کا خون تھا (تاریخ یورپ۔ اے جے گرانٹ) یا مسلمانوں کی لاشوں کا جو منظر اس صلیبی جنگ میں تھا...... وہی کئی گنا گھن گرج اور بے رحمی کے ساتھ آج مسلمانوں پر شام تا برما...... عراق تا کشمیر مسلط ہے۔ فرق صرف اتنا ہے کہ یہ آج کے مہذب لیڈر قراردادیں پاس کرتے، اعداد و شمار اور بیانات جاری کرتے، مذاکرات کے لارے لپے چلاتے کراماتی ڈھونگ رچاتے قاتل ہیں۔ عجب ہے کہ بشار الاسد کی اس فتح پر ایران میں بھی ڈٹ کر جشن فتح منایا جا رہا ہے! روس، قدامت پرست عیسائیت کی شدت کو از سر نو بحال کرتا شام کو ملحمۃ الکبریٰ کی تیاری میں ملیا میٹ کر رہا ہے (جس کے لیے مسلمانوں کا صفایا ضروری ہے)۔ ٹرمپ بھی آ بیٹھے گا تو پیوٹن اور امریکہ دو آتشہ ہو کر کیا نہ کریں گے۔ (خدانخواستہ)

شام پر ٹوٹی اس قیامت پر پاکستان منہ موڑے بیٹھا ہے۔ حالانکہ پاکستان اپنی فطرت میں، سرشت میں روز اول سے دنیا بھر کے مسلمانوں کا بہی خواہ اور پشت پناہ رہا۔ 2001ء کے بعد امریکہ سے باندھے گئے عہد وفاداری میں ہم نے امت سے ناتا توڑ کر سب سے پہلے پاکستان کہا۔ وہ دن اور آج کا دن، ہم سب سے پہلے پاکستان کی (نظریاتی سطح پر) اینٹ سے اینٹ بجانے کا فرض ادا کر رہے ہیں! ہمیں اس سے فرصت نہیں۔ بڑی تیزی سے اب پے در پے عجب اقدامات جاری و ساری ہیں جن سے اقلیتیں زمام کار ہاتھ میں لے لیں، اکثریت منہ تکتی رہ جائے۔ امتناع قبول اسلام قانون بنا کر ہم نے آئین پاکستان اور شریعت کی حدود و قیود پامال کی ہیں۔ ابھی اس سے بھر نہ پائے تھے کہ قادیانیت کو نئی زندگی دینے کو قائداعظم یونیورسٹی کے فزکس کے شعبے کا نام قادیانی نوبل انعام یافتہ عبدالسلام سے منسوب کرنے کا حکم نامہ جاری فرما دیا۔ چناب نگر میں قادیانیوں کے تعلیمی ادارے انہیں واپس کرنے کی اطلاعات بھی آ گئیں۔ طے شدہ امور، جن کو از سر نو چھیڑنے کا معاملہ بارودی سرنگوں پر پاؤں رکھنے سے کچھ بھی کم نہیں، کیوں کھولے جا رہے ہیں؟

شانِ رسالت ﷺ پر قوم کا مضبوط موقف بات سمجھانے کو کیا کافی نہ تھا......؟ یہ ہائی ٹینشن کیبل ہے جسے چھونے سے بھسم ہوجانے کا خطرہ اپنی جگہ آج بھی قائم ہے۔ ممتاز قادریؒ کی شہادت اور نماز جنازہ یاد کر لیجیے......! حکومت، پیمرا، میڈیا نے منہ کی کھائی تھی۔ جنید جمشید کا جنازہ بھی سیکولرازم ہی کا جنازہ ہے۔ یہ جذباتی قوم ہے، چھڑ گئی تو ایسے سارے اقدامات پر پوری قوم کا میٹر پھر سکتا ہے۔

قطع نظر ریاضی کی تھیوریاں پیش کرتے نوبل پرائز (جو دو امریکی ہارورڈ کے پروفیسروں سمیت 3/1 حصہ ڈاکٹر عبدالسلام کو ملا) کے حصول کے، اصل کہانی کچھ اور ہے۔ بھارت کے برعکس ڈاکٹر عبدالسلام کے دور اختیار میں پاکستان کو بہ اہتمام (NPT ء1968) سے قبل بلا پابندی ایٹمی صلاحیت حاصل کرنے کا ہمیشہ کے لیے موقع گنوایا گیا۔ صدر پاکستان جنرل ایوب خان کی حکومت میں بااثر قادیانی لابی مخالفت میں سرگرم رہی۔ کیا اس پر کمیشن بنا کر ذمہ داران کو بے نقاب کرنے کی ضرورت ہے یا نوازنے کی؟ یہ تو بھٹو کی ذاتی دلچسپی اور عبدالقدیر خان کی خفیہ محنتوں کا ثمر ہے، ورنہ ہم آج عبدالسلام کی وجہ سے ایٹمی پروگرام سے محروم ہی رہتے۔ ہمیں اس ناقابل معافی جرم کی نہایت بھاری قیمت آج تک ادا کرنی پڑ رہی ہے۔

قادیانیوں کو تعلیمی ادارے کس بنیاد پر واپس کریں گے؟ جبکہ طالب علم مسلمان ہیں۔ اس میں مساجد بھی ہیں۔ کیا (خاکم بدہن) پاکستان کو شام کے راستے پر ڈالنا مطلوب ہے......؟ دن بدن اقلیتوں کو قوی اور مضبوط کرنا اور اکثریت کو معتوب کرنا؟ مساجد، مدارس، علماء، نصاب ہائے تعلیم سب کچھ نشانے پر ہے۔ دینی قوتوں کو متحد و متفق ہو کر بند باندھنا ہوگا۔ نصاب تعلیم میں مسیلمہ کذاب اور اسود عنسی بارے پڑھایا جانا ازبس لازم ہے۔ ختم نبوت اور دیگر عقائد کی مضبوطی کے لیے نصابوں پر نظر ثانی کی ضرورت ہے۔ امریکہ اپنے نصابوں کی خبر لے جس نے ان کے معاشرے کا شیرازہ بکھیر دیا ہے۔ میڈونا کی چشم کشا تقریر تہذیب نو (مغرب) کے منہ پر اکبرالٰہ آبادی والا حلیہ بگاڑ تھپڑ ہے! سو ہماری فکر میں نہ گھلے۔ اپنی شتر بے مہار شدت پسندی کے نتائج کی خبر لے!

یہ قزاقی یہ سفاکی یہ صیادی یہ جلادی
اسی کا نام رکھ چھوڑا ہے آئینِ جہاں بانی

☆☆☆

غلبہ و اقامتِ دین کی جدوجہد کا حُدی خواں — تنظیم اسلامی کی انقلابی دعوت کا ترجمان

ماہنامہ **میثاق** لاہور

اجرائے ثانی: **ڈاکٹر اسرار احمد** رحمۃ اللہ علیہ

شمارہ جنوری 2017ء
ربیع الثانی ۱۴۳۸ھ

مشمولات

☆ سن تو سہی جہاں میں ہے تیرا فسانہ کیا؟ ——— ایوب بیگ مرزا
☆ اصلاحِ معاشرہ کا قرآنی تصور (۳) ——— ڈاکٹر اسرار احمدؒ
☆ اہلِ اسلام کی غلطیاں اور اسلام کا روشن مستقبل ——— محمد رشید عمر
☆ اسلام۔ دینِ وَسَط ——— پروفیسر محمد یونس جنجوعہ
☆ غیبت کی حرمت و شناعت اور علاج ——— جمیل الرحمٰن عباسی
☆ رودادِ سالانہ اجتماع ۲۰۱۶ء ——— محمد ایاز

محترم ڈاکٹر اسرار احمدؒ کا ''بیان القرآن'' باقاعدگی سے شائع ہو رہا ہے!

☆ صفحات: 100 ☆ قیمت فی شمارہ: 30 روپے ☆ سالانہ زرِ تعاون (اندرون ملک) 300 روپے

مکتبہ خدام القرآن لاہور 36۔کے، ماڈل ٹاؤن، لاہور

ضرورت رشتہ

☆ بیٹا، عمر 26 سال، حافظ قرآن، تعلیم بی بی اے، سعودی عرب میں ذاتی کاروبار کے لیے دینی گھرانے سے رشتہ مطلوب ہے۔ ذات پات کی قید نہیں۔
برائے رابطہ: 0301-4678065

☆ لڑکا باشرع، عمر 28 سال، قد "5'.7، قوم کمبوہ، تعلیم ڈبل ایم اے، مستقل سرکاری ملازم کو دیندار گھرانے سے باپردہ سرکاری ملازم لڑکی کا رشتہ درکار ہے۔
رابطہ: 0335-6990590 0306-7984910

☆ گورنمنٹ ریٹائرڈ آفیسرز کے لیے 60 سال کے قریب بیوہ، بانجھ کے رشتے درکار ہیں۔ جو کہ شرعی پردہ اور نماز کی پابند ہوں۔ دینی احکام پر عمل کا داعیہ رکھتی ہوں۔
رابطہ: 0321-4967346 (042)35180297

☆ لاہور میں رہائش پذیر فیملی کو اپنی بیٹی، عمر 24 سال، تعلیم بی اے کے لیے دینی مزاج کے حامل برسر روزگار لڑکے کا رشتہ درکار ہے۔
برائے رابطہ: 0333-4450662

دعائے مغفرت کی اپیل

☆ حلقہ خیبر پختونخوا جنوبی کی مقامی تنظیم پشاور کے رفیق غلام صدیق وفات پا گئے

☆ حلقہ خیبر پختونخوا جنوبی کے منفرد اسرہ کلپانی (بونیر) کے نقیب محترم ایاز باچا وفات پا گئے

☆ حلقہ خیبر پختونخوا جنوبی کے منفرد رفیق محترم انور شاہ کی والدہ وفات پا گئیں

☆ حلقہ بلوچستان کے ناظم دعوت جناب اقتدار احمد خان کے چھوٹے بھائی وفات پا گئے

☆ فورٹ عباس تنظیم کے رفیق ڈاکٹر جاوید اقبال کا جواں سالہ بیٹا اپنے خالق حقیقی سے جا ملا

☆ بورے والا کے رفیق تنظیم نذیر احمد کی ہمشیرہ وفات پا گئیں

☆ ڈرائیور حلقہ پنجاب شرقی حافظ حاکم علی کی بھانجی وفات پا گئیں

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَھُمْ وَارْحَمْھُمْ وَاَدْخِلْھُمْ
فِیْ رَحْمَتِكَ وَحَاسِبْھُمْ حِسَابًا یَّسِیْرًا

فقر پس چہ باید کرد اے اقوامِ شرق 3

12 می نگیرد جز بآں صحرا مقام | کاندر و شاہیں گریزد از حمام

وہ اپنا ٹھکانا نہیں بناتا سوائے ایسے صحرا کے جس میں شاہین کبوتر سے دور رہتا ہے (یعنی بھیڑیا و بکری ہم گھاٹ)

13 قلبِ اُو را قوت از جذب و سُلوک | پیشِ سلطاں نعرۂ اُو لا مُلوک!

اس کا دل جذب وسلوک (تلاشِ حق) سے قوت پاتا ہے وہ سلطان کے سامنے 'کوئی بادشاہ نہیں' کا نعرہ لگاتا ہے

14 آتشِ ما سوز ناک از خاکِ اُو | شُعلہ ترسَد از خس و خاشاکِ اُو

ہماری آگ اُس کی خاک سے گرم ہے اس کے خس و خاشاک سے شعلہ ڈرتا ہے

15 برنیفتد مِلّتے اندر نبرد | تا در و باقیست یک درویش مرد

کوئی قوم لڑائی میں نہیں گرتی جب تک اس میں کوئی ایک مردِ درویش باقی رہتا ہے

16 آبروئے ما ز استغنائے اُو ست | سوزِ ما از شوق بے پروائے اُوست

ہماری عزت اس کے استغنا کی وجہ سے ہے ہمارا سوز اس کی بے نیازی کے شوق سے ہے

17 خویشتن را اندر ایں آئینہ بیں | تا تُرا بخشند سلطانِ مُبیں

خود کو اس آئینے میں دیکھ تا کہ تجھے عالمی غلبہ نصیب ہو

18 حکمت دیں دل نوازی ہائے فقر | قوّتِ دیں بے نیازی ہائے فقر

فقر کی دل نوازیاں حکمت دین ہے فقر کی بے نیاز ادائیں قوتِ دین ہے

12۔ ایسا مردِ فقیر اپنا ٹھکانہ ایسے علاقے کو بناتا ہے جہاں شاہین کبوتر سے دور رہتا ہے (گویا شیر بکری ایک گھاٹ پر پانی پیتے ہیں) عدل وانصاف قائم ہوتا ہے اور مقتدر طبقات اور عام شہری برابر سمجھے جاتے ہیں اور کوئی کسی کے حقوق پر دست اندازی نہیں کرتا۔ گویا ایسا مردِ فقیر صرف وہاں قیام کرتا ہے جہاں عدل وانصاف قائم ہو اور اگر کوئی جگہ ایسی ہو جہاں مردِ فقیر پہنچے اور وہاں عدل وانصاف اور آسمانی بادشاہت قائم نہیں وہاں وہ اللہ کی حکمرانی قائم کردیتا ہے۔

13۔ ایسا مردِ فقیر اپنی ایمانی کیفیات میں 'جذب' ہوجاتا ہے یعنی کیفیات ہر وقت اس پر طاری رہتی ہیں اور یہی چیز اس کے اندر جذبہ پیدا کرتی ہے اور یہ مردِ مومن اپنے جذبہ ایمانی کے تحت 'مجذوب'، FANATIC (یا قرآن مجید کے الفاظ، جن میں منافقین نے اہل ایمان کے جذبہ ایمانی کے لیے 'غَرَّ هٰۤؤُلَاۤءِ دِیۡنُهُمۡ' (1) کا تبصرہ کیا ہے) مصروفِ عمل رہتا ہے اور 'سلوک' یعنی دینی تقاضوں کے راستے کو طے کرتا رہتا ہے۔ یہی نڈر بندۂ مومن اور مردِ فقیر وقت کے بادشاہوں کے سامنے کلمہ اسلام سناتا ہے۔ جس میں 'لا الٰہ' سے 'لاملوک' مراد لیتا ہے انسانوں اور غیراللہ کی حاکمیّت کی بجائے اللہ کی حاکمیّت کا اقرار واظہار کرتا ہے۔

14۔ ایسے مردِ فقیر کی خاک سے ہی اُمت مسلمہ کے عام صالحین لوگوں کے دل میں آتش شوق اور جذبہ جہاد وشہادت قائم رہتا ہے۔ ایسے مردِ فقیر کے کم وسائل کے خس وخاشاک کو دشمنوں کے آگ برسانے والے ہتھیار بھی جلانے میں کامیاب نہیں ہوسکتے گویا وہ مردِ فقیر کے خس وخاشاک سے ڈرتے ہیں۔

15۔ فقر حقیقی اور اختیاری کے ساتھ کوئی قوم اپنے مشن میں ناکام نہیں رہتی۔ میدانِ جنگ میں فتح و شکست عددی قوت پر نہیں بلکہ یہ فتح وشکست نظریات کے ٹکراؤ اور مقابلہ کا نتیجہ ہوتا ہے جو نظریہ 'زندہ' ہے مؤثر ہے، انسانی فلاح وبہبود کا پروگرام رکھتا ہے، وہ فتح یاب ہوتا ہے اور جو نظریہ انسان دشمن، اخلاق دشمن اور خدا بیزار ہوتا ہے، شکست کھا جاتا ہے، جب تک مسلمانوں میں کسی دور میں ایک مرد کامل اور مردِ فقیر موجود رہا ہے انھوں نے شکست نہیں کھائی۔

16۔ اُمت مسلمہ کی آبرو ایسی ہی قیادت (درویش قیادت) کے استغناء سے مستعار ہوتی ہے اور مسلمانوں میں مِلّی اور اسلامی جذبہ اور درد ایسی ہی قیادت کے وسائل دنیا سے مستغنی اور بے پرواہ لائف سٹائل کا ماحصل ہے۔

17۔ اے مسلمان (نوجوان) اپنے کردار کو اس آئینہ میں دیکھو اور اپنا محاسبہ کرو تاکہ جذبہ پیدا ہو پھر بحیثیت اُمت مسلمہ آگے بڑھو۔ کیا عجب کہ اللہ تعالیٰ تمہارے ذریعے مسلمانوں کو عالمی غلبہ دے دے۔

18۔ اسی اندازِ زیست اور لائف سٹائل سے جو اگر مسلمانوں میں آج بھی عود کر آئے تو اسی سے افرادِ ملت میں صحیح سوچ، صحیح فکر، صحیح اقدار، صحیح نصب العین اور صحیح منہاج کا شعور پیدا ہوگا اور یہی جذبہ مسلمان نوجوانوں کے اجتماعی ضمیر کو اپنی طرف کھینچ لے گا۔ پھر یہی افرادی قوت 'حزب اللہ' بن کر دین کی طاقت بنے گی جس کا طرۂ امتیاز (قرونِ اولیٰ کا کردار اور) دنیاوی وسائل سے بے نیازی ہے۔

(1) قرآن مجید (سورۃ الانفال 08 : 40)

پانامہ کیس میں اس غریب ملک کا کروڑوں روپے کا سرمایہ بھی لگا، وقت بھی ضائع ہوا لیکن پھر عدالت کا یہ کہہ دینا کہ ہم کوئی فیصلہ کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہیں پاکستان کی عدلیہ کی تاریخ میں ایک اور انتہائی افسوسناک پہلو کا اضافہ ہے: ایوب بیگ مرزا

سپریم کورٹ نے جس طریقے سے پانامہ کیس کو ہینڈل کیا اس سے اس کا failure ہونا واضح نظر آتا ہے، اس کیس سے وزیراعظم کی اخلاقی حیثیت ملکی اور بین الاقوامی سطح پر بہت کمزور ہو چکی ہے، اس ملک میں کوئی بھی ادارہ صحیح طور پر کام نہیں کر رہا: ڈاکٹر غلام مرتضیٰ

پانامہ کیس میں سپریم کورٹ کا فیصلہ: اندھیر نگری چوپٹ راج کے موضوع پر

حالات حاضرہ کے منفرد پروگرام ''زمانہ گواہ ہے'' میں نامور دانشوروں اور تجزیہ نگاروں کا اظہار خیال

میزبان: وسیم احمد

سوال: پانامہ کیس کے حوالے سے کہا جا رہا ہے کہ یہ کیس سپریم کورٹ میں back to square one چلا گیا ہے۔ اس حوالے سے آپ کا کیا تاثر ہے؟

ایوب بیگ مرزا: ایک شہری کی حیثیت سے جب ہم اپنی عدلیہ کی تاریخ پر نگاہ ڈالتے ہیں تو ہمیں بہت مایوسی ہوتی ہے۔ 1954ء میں جب خواجہ ناظم الدین کی حکومت برطرف کی گئی تو سندھ ہائی کورٹ نے خواجہ ناظم الدین کے حق میں فیصلہ دے دیا تھا لیکن سپریم کورٹ نے اس فیصلہ کو کالعدم قرار دے کر گورنر جنرل ملک غلام محمد کے حق میں فیصلہ دے دیا۔ اسی طرح پیپلز پارٹی کے بانی ذوالفقار علی بھٹو کی پھانسی کے بارے میں خود جسٹس (ر) نسیم حسن شاہ نے اپنی وفات سے پہلے اعتراف کیا کہ ہم نے وہ فیصلہ دباؤ میں کیا تھا۔ اسی طرح کی اور بہت سی مثالیں یہ ثابت کرنے کے لیے کافی ہیں کہ پاکستان کی عدلیہ کی تاریخ انتہائی مایوس کن ہے۔ پانامہ کیس کے حوالے سے سب سے زیادہ افسوسناک بات یہ ہے کہ اس کیس میں کوئی فیصلہ آیا ہی نہیں۔ حالانکہ سپریم کورٹ نے ازخود نوٹس کی بنیاد پر کیس کی سماعت شروع کی تھی اور چیف جسٹس کو معلوم تھا کہ ان کی ریٹائرمنٹ کی تاریخ 30 دسمبر ہے، اس کے باوجود وہ اس کیس کی سماعت کرنے والے بینچ میں شامل ہو گئے۔ اگر وہ اس بینچ میں شامل نہ ہوتے اور فیصلہ آنے میں ایک دو ماہ اور لگ جاتے تو کوئی فرق نہ پڑتا۔ لیکن اس غریب ملک کا کروڑوں روپے کا سرمایہ بھی لگا، وقت بھی ضائع ہوا لیکن پھر عدالت نے صاف کہہ دیا کہ ہم کوئی فیصلہ کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہیں۔ حالانکہ اس کیس کے حوالے سے بہت ساری چیزیں واضح ہو چکی تھیں۔ حکومتی وکیل نے واضح کہہ دیا تھا کہ ہمارے پاس کوئی منی ٹریل نہیں ہے، پھر اس نے یہ بھی کہا کہ پارلیمنٹ میں جو کہا گیا تھا وہ سیاسی بیان تھا اور یہ بھی کہ چالیس سال پرانا بینک کا ریکارڈ کہاں سے لائیں۔ اس کے علاوہ نواز شریف مریم نواز کا dependant نہ ہونا بھی ثابت نہ کر سکے۔ اس کے باوجود کوئی فیصلہ نہ آنا افسوسناک ہے۔ اس پر پیپلز پارٹی تبصرے کر رہی ہے کہ ہمارا وزیراعظم ہو تو فارغ کر دیا جاتا ہے لیکن وزیراعظم ن لیگ کا ہو تو فیصلہ ہوتا ہی نہیں

مرتب: محمد رفیق چودھری

چاہے اصغر خان کیس ہو یا پانامہ کیس ہو۔

سوال: وزیراعظم کا عدلیہ میں ایک بیان ہے اور پارلیمنٹ میں دوسرا بیان ہے۔ یہ بتائیں کہ عدلیہ ان کے کس بیان پر انحصار کر کے کیس آگے بڑھائے گی؟

